(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِي وَالْعِتْرَة

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مؤلف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ .... =/200 روپے

وصیتِ بتولؑ

(۱/۹۳۳) علامہ مجلسیؒ کتاب بحار الانوار میں ابن عباس سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں:

جب حضرت زہراء سلام اللہ علیہا وفات پا گئیں تو امیر المومنینؑ نے ان کے چہرے سے پردہ اٹھایا، ان کے سرِ اقدس کے پاس ایک تحریر لکھی ہوئی پائی۔ جس میں لکھا ہوا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

یہ وصیت نامہ بنت رسولؐ کا ہے۔ جس نے وصیت کی ہے، وہ شہادت دیتی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں بہشت اور دوزخ برحق ہیں اور قیامت بغیر کسی شک وشبہ کے قائم ہوگی اور مردوں کو ان کی قبروں سے اٹھایا جائے گا۔

يَا عَلِيُّ! أَنَا فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ زَوَّجَنِيَ اللّٰهُ مِنْكَ لِأَكُوْنَ لَكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ أَنْتَ أَوْلٰى بِيْ مِنْ غَيْرِيْ، حَنِّطْنِيْ وَغَسِّلْنِيْ وَكَفِّنِّيْ بِاللَّيْلِ وَصَلِّ عَلَيَّ وَادْفِنِّيْ بِاللَّيْلِ وَلَا تُعْلِمْ أَحَدًا، وَأَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ، وَاقْرَأْ عَلٰى وُلْدِيَ السَّلَامَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

"یا علیؑ! میں بنت محمدؐ فاطمہ ہوں خدا نے آپ کے ساتھ میری شادی کی ہے، تاکہ دنیا اور آخرت میں آپ کی بیوی رہوں آپ ہر کسی سے میرے زیادہ قابل احترام ہیں آپ خود مجھے حنوط کریں اور رات کے وقت غسل اور کفن دیں اور مجھ پر نماز پڑھیں رات کے وقت مجھے دفن کریں، کوئی بھی اس سے آگاہ نہ ہو، آپ کو میں خدا کے حوالے کرتی ہوں میرے بچوں پر قیامت تک میرا سلام ہو" (بحار الانوار، ج۴۳، ص۲۱۴، حدیث۴۴)